## سوال

(31) مسحور موحد کیا کرے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(۱) جادو ایک حقیقت ہے ہوسکتا ہے اور لوگ کرتے ہیں اور اگر کسی پر یہ وار چل جائے اور انتہائی سخت ہو کرنے والا تو پھر موحد آدمی کو کیا کرنا چاہیے کہ اس سے بچ سکے اور وہ جڑ سے اکھڑ جائے اللہ اس کا اثر ہمیشہ کے لیے زائل کردیں اور آئندہ بھی آدمی محفوظ رہ سکے ۔

(۲) جو لوگ ایسا کرتے ہیں یعنی تعویذ وغیرہ کروانا یا کسی پتلے وغیرہ پر کرنا ۔ ان کا مقصد دوسروں کو اذیت دینا ہوتا ہے ان کے بارے میں کیا حکم ہے ۔ دونوں کے بارے میں یعنی کرنے والے اور کروانے والے کے بارے میں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(۱) اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا کریں صبح ''لَااِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہُ لَاشَرِیْکَ لَہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ'' کم از کم سو مرتبہ پڑھے ہر نماز کے بعد آخری تین قل پڑھے رات کو سوتے وقت تین تین دفعہ آخری تین قل پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پھونک لگائے پھر دونوں ہاتھ اپنے پورے بدن پر پھیر لے اس طرح تین بار یہ عمل کرے اور وقتا فوقتا پڑھتا رہے ﴿وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُوْنَ﴾ --یونس 77

''اور نجات نہیں پاتے جادو کرنے والے''

﴿وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی﴾ --طہٰ 69

''اور بھلا نہیں ہوتا جادوگر کا جہاں آوے''

ان شاء اللہ سبحانہ وتعالیٰ جادو کا اثر جانا شروع ہوجائے گا ۔ (۲) جادو کرنا یا کروانا گناہ ہے اور کبیرہ گناہوں میں شامل ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[احکام ومسائل](#)

**عقائد کا بیان ج1ص73**

محدث فتویٰ